# سالانہ پروگرام

## مجلس اطفال الاحمدیہ بھارت

برائے سال

**2020-2021ء**

# بسم اللہ الرحمن الرحیم

# سالانہ پروگرام مجلس اطفال الاحمدیہ بھارت

## برائے سال 2020-2021ء

تنظیم مجلس اطفال الاحمدیہ کے قیام کی غرض و غایت بیان کرتے ہوئے سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ایک موقع پر فرماتے ہیں کہ:۔

''اطفال الاحمدیہ جماعت احمدیہ کی ایک ایسی تنظیم ہے جس پر مستقبل کا انحصار ہے۔آج کے بچے کل کے نوجوان اور قوم کے راہنما ہوتے ہیں۔ پس اسی لئے حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے جب مختلف تنظیمیں قائم فرمائیں تو خدام الاحمدیہ سے نیچے بچوں کی بھی ایک تنظیم قائم فرمائی جو اطفال الاحمدیہ کے نام سے جانی جاتی ہے۔ ۔۔پس اطفال الاحمدیہ ایک بہت اہم تنظیم ہے۔حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے جب تمام تنظیمیں قائم فرمائیں تو ان کے سامنے یہ بات تھی کہ قوم کا جماعت کا ہر بچہ، جوان ، بوڑھا ،عورت ، مرد اس قابل ہو جائے کہ وہ جماعت کی ذمہ داریوں کو سنبھال سکے۔'' (بحوالہ خطاب سیدنا حضور انور 17 ستمبر 2011)

سیدنا حضور انور کا یہ ارشاد ہندستان کی جملہ مجالس کے اراکین اطفال کے لئے مشعل راہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ الحمد اللہ ہندوستان کی جملہ مجالس سیدنا حضور انور کے ارشادات کے مطابق مرکز کی ہدایت کو سامنے رکھتے ہوئے لائحہ عمل مجلس خدام الاحمدیہ کے مطابق سال بھر اراکین خدام و اطفال کی دینی تعلیم و تربیت کے مختلف پروگرام تشکیل دیتی ہیں۔

امسال انڈیا کی مجالس میں موجود اراکین اطفال کی تعلیم و تربیت اور انکی

جسمانی اور ذہنی نشونما کے مختلف پروگرامز میں مزید بہتری پیدا کرنے کی غرض سے شعبہ اطفال مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کی طرف سے مرکزی طور پر لائحہ عمل کی روشنی میں ناظمین اطفال اور ممبران مجالس عاملہ اطفال الاحمدیہ بھارت کی آسانی کے لئے مختصر سالانہ پروگرام تشکیل دیا گیا ہے جس سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے ناظمین اطفال اپنی اپنی مجالس میں اراکین اطفال کے لئے مختلف تربیتی، علمی، ذہنی، وجسمانی پروگرام منعقد کر سکتے ہیں۔

شعبہ جات کی تقسیم:۔مجلس اطفال الاحمدیہ کے کاموں میں بہتری پیدا کرنے کی غرض سے قواعد کے مطابق شعبہ اطفال سے متعلقہ مختلف کاموں کو درج ذیل شعبہ جات میں تقسیم کیا گیا ہے۔مجالس میں ان شعبہ جات کے نگران منتظم کہلاتے ہیں جو ناظم اطفال کی نگرانی میں اپنے اپنے شعبہ کے کام سرانجام دیتے ہیں۔

(ا) شعبہ عمومی (2) شعبہ تجنید (3) شعبہ تربیت (4) شعبہ تعلیم (5) شعبہ مال (6) شعبہ وقف جدید (7) شعبہ وقار عمل (8) شعبہ خدمت خلق (9) شعبہ صحت و جسمانی (10) شعبہ صنعت وتجارت (11) شعبہ اشاعت

ناظمین اطفال کا فرض ہے کہ سال کے آغاز میں اپنی مجالس میں ان جملہ شعبہ جات کو سامنے رکھتے ہوئے مجلس عاملہ تشکیل دے کر قائد مجلس کے توسط سے بغرض منظوری مرکز میں بھجوائیں تا کہ جلد سے جلد مرکز سے مجلس عاملہ کی منظوری بھجوائی جا سکے۔ لہذا ایسی مجالس جنہوں نے اب تک مجلس عاملہ اطفال الاحمدیہ کی منظوری حاصل نہیں کی وہ فوری طور پر مرکز میں مہتمم اطفال سے رابطہ کریں اور مجلس عاملہ کی تشکیل کی کاروائی کریں۔

# (شعبہ عمومی)

مجلس کی یہ ذمہ داری ہے کہ مرکز کی ہدایت اور لائحہ عمل کو سامنے رکھتے ہوئے مجالس میں باقاعدگی سے اراکین اطفال کے لئے مختلف تعلیمی، تربیتی و جسمانی پروگرامز منعقد کئے جائیں اور ہر ماہ کی رپورٹ اگلے ماہ کی 5 تاریخ تک ناظم اطفال اور قائد مجلس کے دستخط کے ساتھ شعبہ اطفال مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کو بھجوائی جائے۔ آجکل **Email** کی سہولت تقریباً اکثر جگہ ہے لہذا ناظمین اطفال باقاعدگی سے مجلس اطفال الاحمدیہ کی رپورٹس مقررہ فارم پر پُر کرکے بذریعہ **Email** بھجوایا کریں۔ جملہ رپورٹس اور خط وکتابت درج ذیل **Email** آئی ڈی پر بھجوائی جائیں: **khuddam@qadian.in**

مرکز سے رابطہ:۔ اطفال کی تعلیم وتربیت کے سلسلہ میں ضروری ہے کہ ناظمین اطفال وقتاً فوقتاً مرکز میں موجود شعبہ اطفال سے بھی رابطہ کرتے رہیں اور مجالس میں ہونے والے کاموں کے بارے میں **Update** دیتے رہیں۔ لہذا ناظمین اطفال سے گزارش ہے کہ ماہ میں کم ازکم ایک مرتبہ مکرم مہتمم صاحب اطفال یا مجلس عاملہ اطفال الاحمدیہ بھارت کے دیگر عہدیداران سے ضروری رابطہ کیا کریں تا کہ مرکزی شعبہ کو مجالس میں ہونے والے کاموں کا بروقت علم ہو سکے اور صحیح وقت پر راہنمائی بھی کی جاسکے

سالانہ رپورٹ:۔ جملہ مجالس کی طرف سے اپنی اپنی مجلس میں ہونے والے کاموں کی سالانہ رپورٹس بھی ماہ جولائی کی 15 تاریخ تک مرکز میں بھجوانی ضروری ہے۔ ناظمین اطفال سے درخواست کی جاتی ہے کہ ہر ماہ باقاعدگی سے کارگزاری

رپورٹس بھجوایا کریں اور 15 جولائی 2021 تک سال بھر ہونے والے کاموں کی جامع سالانہ رپورٹ بھی مرکز کو ضرور بھجوائیں۔

مجلس کا ریکارڈ:۔ جملہ ناظمین اطفال اپنی اپنی مجالس میں اس بات کا جائزہ لیں کہ کیا ان کی مجالس میں مجلس کے کاموں کے حوالہ سے ہونے والی خط و کتابت کے لئے ضروری ریکارڈ محفوظ کرنے کا انتظام موجود ہے؟ جملہ مجالس میں منتظم عمومی کے پاس مجلس کے ریکارڈ کو محفوظ کرنے کے لئے درج ذیل رجسٹر اور فائلیں ہونی چاہئیں۔

(1) رجسٹر کاروائی میٹنگ (2) رجسٹر سامان (3) رجسٹر تجنید (4) مجلس کے چندوں کے اندراج کے لئے روزنامچہ (5) فائل ماہانہ رپورٹس (6) فائل سرکلرز (۷) فائل خطوط و کتابت (8) جملہ شعبہ جات کی انفرادی فائلیں

رابطہ سیکریٹری عمومی مجلس اطفال الاحمدیہ بھارت:

مکرم حبیب اللہ عمر صاحب: 6239972683

رابطہ نائب سیکریٹری عمومی مجلس اطفال الاحمدیہ بھارت:

مکرم انس احمد صیفی صاحب: 8847358424

## (شعبہ تجنید)

مجلس کے جملہ اطفال کے مندرج ذیل کوائف رجسٹر تجنید میں درج کئے جائیں: نام، ولدیت، تاریخ، پیدائش، تعلیم، ایڈرس، قائدہ یسرنا القرآن کریم جانتے ہیں۔ قرآن کریم ناظرہ جانتے ہیں؟ نماز باترجمہ جانتے ہیں؟ تحریک وقف نو میں شامل ہیں تو حوالہ نمبر، وقف جدید میں شامل ہیں؟ تحریک جدید میں شامل ہیں ؟ قرآن کریم میں ناظرہ مکمل کرلیا ہے؟

جن مجالس نے تا حال اپنی مجالس کی تجنید مکمل کر کے مرکز کو نہیں بھجوائی ہے وہ جلد سے جلد تجنید کا کام مکمل کر کے مرکز کو بھجوائیں۔تجنید فارم شعبہ اطفال سے رابطہ کر کے منگوائے جا سکتے ہیں۔

تجنید فارم مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کی ویب سائٹ **Khuddam.in** پر بھی دستیاب ہے جہاں سے با آسانی download کیا جاسکتا ہے۔

رابطہ سیکریٹری تجنید مجلس اطفال الاحمدیہ بھارت:

مکرم کامران شریف احمد صاحب:6239746599

## (شعبہ تربیت)

(1) ہر مجلس میں امسال خصوصی طور پر یہ کوشش کی جائے کہ مجلس کے جملہ اراکین اطفال نماز باجماعت دُعاؤں، راست گوئی یعنی سچائی اور دیانتداری کے پابند ،والدین اور اساتذہ اور اپنے بزرگوں کا احترام کرنے والے ،بااخلاق اور آداب مجالس کوملحوظ رکھنے والے ہوں۔اس غرض کے حصول کے لئے مجلس میں ہر ماہ تربیتی اجلاسات کروائے جایں جس میں مجلس کے صد فیصد اطفال حاضر ہوں۔ ان اجلاسات میں علماء وبزرگان جماعت اطفال کوان امور کی طرف توجہ دلائیں۔

(2) مربی اطفال کا مجلس میں تقرر:۔ جملہ مجالس میں دستور اساسی اور لائحہ عمل کے مطابق اطفال کی تعلیم وتربیت کی نگرانی کے لئے اراکین انصار میں سے ایک مربی اطفال کا تقرر کیا جانا ضروری ہے۔ جملہ ناظمین اطفال سے درخواست ہے کہ وہ اپنی مجالس میں جائزہ لے کر مکرم قائد صاحب کی طرف سے کم از کم تین انصار اراکین کے نام مع مکمل مختصر تعارف، رابطہ نمبر شعبہ اطفال مجلس خدام

الاحمدیہ بھارت کو بھجوائیں تاکہ ان مجوزہ ناموں میں سے کسی ایک ناصر کی بطور مربی اطفال منظوری کی کارووائی کر کے اطلاع دی جا سکے۔ جن مجالس میں مربیان اطفال کا تقرر سال کے شروع میں ہو چکا ہے ان مجالس کے ناظمین اطفال سے درخواست ہے کہ وہ مربی تفصیل شعبہ اطفال کو جلد سے جلد بھجوائیں۔

(3) امسال کوشش کی جائے کہ مجلس کے جملہ اطفال کو وعدہ اطفال زبانی ہو جائے

(4) ہر ماہ مجلس میں اراکین اطفال کا ایک تربیتی اجلاس ضرور منعقد کریں اور اس میں بزرگان جماعت سے مختلف تربیتی امور پر تقاریر بھی کروائی جائے۔ تربیتی اجلاسات میں اطفال کی دلچسپی بڑھانے کی غرض سے تربیتی اجلاسات کا ایک Pattern تیار کیا گیا ہے آئندہ سے جملہ مجالس اسی Pattern کو Follow کرتے ہوئے مجالس میں تربیتی اجلاس کا انعقاد کریں:

## خاکہ برائے تربیتی اجلاس

| | |
|---|---|
| 1 | تلاوت قرآن کریم مع ترجمہ |
| 2 | وعدہ اطفال |
| 3 | حضرت مسیح موعود علیہ السلام یا خلفاء کے چند اشعار سنائے جائیں |
| 4 | ان اشعار کا ترجمہ ایک طفل پیش کرے اور مشکل الفاظ کے معنی اراکین سے پوچھے جائیں |
| 5 | مختلف تربیتی عناوین پر 2 اطفال کی مختصر تقاریر کروائی جائیں |
| 6 | مکرم عابد خان صاحب کی ڈائری سے حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی سیرت کے چند واقعات پیش کئے جائیں۔ |

| | |
|---|---|
| 7 | اطفال کی دلچسپی کے کسی ایک Topic پر کسی طفل سے Reaserch Paper پیش کروایا جائے۔ |
| 8 | اجلاس میں ہونے والی تقاریر کے حوالے سے سوال جواب پوچھے جائیں۔ |
| 9 | دُعا کے ساتھ اجلاس کا اختتام ہو |

(5) ہر مجلس امسال موسمی تعطیلات میں کم از کم ۱۵ روزہ تربیتی کلاسز کا ضرور اہتمام کرے اور ان کلاسز میں نصاب وقف نو کے مطابق اطفال کی تعلیم و تربیت کا جائزہ لیا جائے اور اان کلاسز کے انعقاد کے بعد اسکی رپورٹ مرکز کو الگ سے بھجوائی جائے۔

(6) مجلس میں اس حوالے سے جائزہ لیا جائے کہ کتنے اطفال ایم ٹی اے کے مختلف پروگراموں سے استفادہ کرتے ہیں۔ ایسے اطفال جو استفادہ نہیں کرتے یا کم کرتے ہیں انہیں توجہ دلائی جائے۔ مجلس میں اگر اطفال کی تعداد کم ہے اور گھروں میں ایم ٹی اے کا مناسب انتظام نہیں ہے تو مسجد میں ایم ٹی اے کا انتظام ہونا ضروری ہے۔ اور مسجد میں جمعتہ کے روز اور اتوار کے روز صبح اطفال کو اکھٹے کر کے ایم ٹی اے کے پروگرام دکھانے کا پروگرام سنایا جائے۔ اسی طرح ایم ٹی پر بچوں کے لئے اردو زبان سکھانے کی غرض سے جو پروگرام نشر ہوتے ہیں مثلاً Story Time/Play Time اور بچوں کی دنیا ان کو بھی وقتاً فووقتاً اطفال کو دکھایا جائے یہ پروگرام Mta online1 یوٹیوب چینل پر بھی دستیاب ہے۔

(7) مجلس کے جملہ اطفال کے اندر درج ذیل پانچ اخلاق قائم کرنے کی کوشش کریں: (۱) سچائی (2) نرم اور پاکیزہ زبان کا استعمال (3) ہمدردی مخلوق، دوسروں کی تکلیف کا احساس اور اسے دور کرنا (4) وسعت حوصلہ (5) مضبوط عزم

اور ہمت۔اسی طرح اطفال سے درج ذیل برائیوں کو ختم کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جائے : جھوٹ، غیبت، گالی گلوچ ،لڑائی جھگڑا، نافرمانی، آوارہ گردی ،لغو کاموں میں وقت کا ضیاع، چوری، بددیانتی، بری صحبت، نشہ آور چیزوں کا استعمال، ننگے سر گھومنا وغیرہ۔

(8) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد افشو السلام کے مطابق بچوں کو ہر چھوٹے بڑے کو سلام کرنے اور مصافحہ کرنے کی عادت ڈالی جائے۔

(9) مجلس کے ہر طفل سے ماہ میں کم از کم ایک بار سیدنا حضور انور کی خدمت اقدس میں دعا کا خط ضرور لکھوایا جائے۔آپ یہ خطوط مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کی ویب سائٹ **www.Khuddam.in** کے ذریعہ بھی بھجوا سکتے ہیں۔

(10) مجلس میں سال میں دو مرتبہ یوم والدین کی تقریب منعقد کی جائے جس میں جملہ اطفال کے علاوہ ان کے والدین اور دیگر احباب جماعت بھی شامل ہوں۔اس تقریب میں بھی تربیتی اجلاس کے مقررہ پیٹرن کے مطابق کاروائی کی جائے اور صدر اجلاس اطفال اور ان کے والدین کو مختلف ضروری تربیتی امور کی طرف توجہ دلائیں۔

(11) سال میں ایک مرتبہ مجلس میں ہفتہ اطفال کا انعقاد کیا جائے جس میں اطفال کے مختلف علمی ورزشی مقابلہ جات منعقد کئے جائیں۔مجالس کی آسانی کے لئے ہفتہ اطفال کا ایک خاکہ تیار کیا گیا ہے۔جملہ مجالس اس خاکہ کے مطابق اپنی مجالس میں ہفتہ اطفال کا انعقاد کریں اور اس کی تفصیلی رپورٹ مع تصاویر مرکز بھی بھجوائیں۔

(12) تفصیلی پروگرام برائے ہفتہ اطفال : -مرکزی سالانہ اجتماع کے

پروگرام کے مطابق مجلس میں ہفتہ اطفال کے دوران اراکین اطفال کے مختلف علمی ورزشی مقابلہ جات کا انعقاد کیا جائے ، اسکے علاوہ خلافت سے وابستگی کے حوالہ سے ایک خصوصی نشست منعقد کی جائے جس میں محترم عابد خان صاحب کی ڈائری سے حضورانور کی سیرت کے واقعات اطفال کو سنائے جائیں،اطفال کی دلچسپی کے لئے ایک Discussion Program بھی منعقد کیا جائے جس میں اطفال ہی حصہ لیں،نصاب وقف نو اور جنرل نالج سے جنرل کوئز کا انعقاد کیا جائے۔

(13) مجلس میں دوران سال کم از کم 3 مرتبہ اجتماعی طور پر کلو جمیعاً کا اہتمام کیا جائے اور کوشش کی جائے کہ اس پروگرام میں مجلس کے جملہ اراکین شامل ہوں۔

(14) خلاصہ خطبہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز :۔مجلس کے جملہ اطفال کو تحریک کریں کہ وہ جمعتہ المبارک کے روز سیدنا حضور انور کا خطبہ جمعہ براہِ راست سنیں اور حضور انور کے خطبہ کے نوٹس اپنی ڈائری میں نوٹ کریں۔ دوران سال بہترین خلاصہ،نوٹس تیار کرنے والے طفل کو سالانہ ضلعی یا صوبائی اجتماع کے موقع پر انعام سے بھی نوازہ جائے اور مرکز کو بھی رپورٹ بھجوائیں۔

(15) زیارت قادیان: ۔ اپنی مجلس کے بڑی عمر کے اطفال کو موسمی تعطیلات میں زیارت قادیان کی تحریک کریں۔ اس کے لئے ضلعی سطح پر بھی پروگرام سنایا جا سکتا ہے اور ضلعی سطح پر اطفال کو تیار کر کے موسمی تعطیلات میں قادیان لایا جاسکتا ہے۔

رابطہ سیکریٹری تربیت مجلس اطفال الاحمدیہ بھارت:

مکرم اسامہ عبدالسلام 9663566353

## (شعبہ تعلیم)

1. بچوں کے علم اور صلاحیت میں اضافہ کرنے کی غرض سے دوران سال کم از کم دو مرتبہ مجلس میں اطفال کے درمیان تلاوت نظم، تقریر، بیت بازی، پیغام رسانی کے مقابلہ جات کروائے جائیں۔

2. مجلس کے جملہ اطفال کو سورۃ البقرہ کی پہلی ۱۷ آیات اور عم پارہ کی چھوٹی چھوٹی سورتیں اطفال کو یاد کروائی جائیں۔

3. جملہ اراکین اطفال کو قاعدہ یسرنا القرآن اور قرآن مجید ناظرہ سکھانے کا مجلس میں باقاعدہ انتظام کیا جائے اور جو اطفال دوران سال ناظرہ قرآن کریم کا دور مکمل کر لیں ان کے اسماء مرکز میں بھجوائے جائیں تا کہ انہیں مرکزی طور پر اعزازی سندات جاری کی جاسکیں۔

4. امتحان دینی نصاب میں مجلس کے جملہ اطفال کو امسال شامل کرنے کی کوشش کی جائے۔ اس امتحان کے سوالنامے مرکز سے مجالس کو بھجوائے جائیں گے یہ امتحان نصاب وقف نو کے مطابق لیا جائے گا۔ لہذا مجالس میں نصاب وقف نو کے مطابق اطفال کی تیاری کا اہتمام کیا جائے۔

5. انعامی مقالہ نویسی میں شرکت: امسال اراکین اطفال کے لئے مقابلہ مقالہ نویسی کے لئے درج ذیل عنوان مقرر کیا گیا ہے: (حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ذاتی تعلق کی اہمیت و برکات)

مقالہ نویسی میں کوشش کی جائے کہ آپ کی مجالس کے ۱۲ سال سے اوپر کے کم از کم ۵۰ فیصد اطفال ضرور اس مقابلہ میں حصہ لیں۔* مقالہ کم از کم 5000 الفاظ پر مشتمل ہو۔

* مقالہ اردو، انگریزی اور ہندی کے علاوہ ہندستان کے کسی بھی علاقائی زبان میں لکھا جا سکتا ہے۔ مقالہ خوشخط اور کاغذ کے 3/2 حصہ میں لکھا گیا ہو۔ کاغذ کی پشت پر نہ لکھا جائے۔ * مقالہ کے حوالہ جات مکمل ومستند ہوں (مثلاً نام، کتب، نام، مصنف، جلد نمبر، صفحہ نمبر، سن اشاعت مقام اشاعت وغیرہ)

* مقالہ نگار مقالہ کے پہلے صفحہ میں اپنا نام، مجلس کا نام، مکمل ایڈرس فون نمبر وغیرہ ضروری معلومات تحریر کریں۔

* جملہ مقالہ جات زونل قائیدین کی وساطت سے دفتر خدام الاحمدیہ بھارت میں بھجوانے کی آخری تاریخ یکم جولائی 2021ء ہے۔

6. 8th,9th,10th میں زیر تعلیم بچوں کے لئے ماہ جنوری، فروری میں فری کوچنگ کلاس کا انعقاد مجلس خدام الاحمدیہ کے تعاون سے کروایا جائے تا کہ ہمارے بچے اپنے تعلیمی میدان میں اعلیٰ نمبرات حاصل کرسکیں۔

7. میٹرک کے بعد آگے کی تعلیم کے حوالہ سے ماہ جنوری میں مجلس خدام الاحمدیہ کے تعاون سے 6th کلاس سے اوپر کے طلباء کے ساتھ ایک خصوصی اجلاس منعقد کیا جائے جس میں انہیں جماعت کی بڑھتی ہوئی ضروریات کے مطابق اپنے آپ کو تیار کرنے کی تحریک کی جائے۔

8. آپ کی مجلس کے جو اطفال آٹھویں، نویں اور دسویں کلاس میں زیر تعلیم ہیں ان کے ساتھ میٹنگ کا انعقاد کریں اور انہیں جامعہ احمدیہ سے متعارف کروائیں۔ اسکے لئے مقامی مربی صاحب یا معلم صاحب سے تعاون لیا جا سکتا ہے۔ ان اطفال کو میٹرک کے بعد زندگی وقف کر کے جامعہ احمدیہ میں داخلہ لینے کی بھی تحریک کی جائے۔

رابطہ سیکریٹری تعلیم: مکرم عثمان احمد صاحب:9877945204

## (شعبہ مال)

1. مجلس کے جملہ اراکین اطفال سے مجلس کے کاموں کے لئے مرکز کی طرف سے مقررہ شرح کے مطابق کم از کم چندہ وصول کیا جانا ضروری ہے۔

2. لہذا مجالس کا فرض ہے کہ وہ اپنی مجلس کے جملہ اراکین کا شرح کے مطابق تجنید کے ساتھ بجٹ تشکیل دیں اور اسکی ایک نقل مرکز کو بھجوائیں۔

3. اراکین اطفال کے چندہ کی شرح اس طرح ہے: چندہ مجلس ماہانہ 3 روپئے سالانہ 36 روپئے چندہ اجتماع سالانہ 8 روپئے۔

4. کل چندہ مجلس کا 33 فیصد حصہ مرکز کو بھجوایا جائے باقی 67 فیصد حصہ مجلس کے مقامی کاموں کے لئے خرچ کیا جا سکتا ہے۔ اس کا باقاعدہ حساب Maintain کیا جائے تا کہ مرکز کا نمائندہ اسکی چیکنگ کر سکے۔

5. مجلس کے جملہ چندے مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کی مقررہ رسید بک پر ہی وصول کئے جانے ضروری ہیں۔

6. دوران سال ایک مرتبہ مجلس میں ہفتہ مال کا انعقاد کر کے اس ہفتہ میں زیادہ سے زیادہ وصولی کی کوشش کی جائے۔

رابطہ سیکریٹری مال مجلس اطفال الاحمدیہ بھارت:

مکرم سعید احمد ملکانہ صاحب:9592823107

## (شعبہ وقف جدید)

مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ بھارت کے ساتھ میٹنگ کے دوران سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ارشاد فرمایا تھا کہ:

''حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے وقف جدید کو شعبہ اطفال الاحمدیہ کے سپرد کیا تھا۔آپ لوگ بھی وقف جدید کی ذمہ داری اطفال الاحمدیہ پر ڈالیں۔ننھے مجاہدین معیار اول کے لئے 200 روپئے اور معیار دوم کے لئے 100 روپئے رکھیں۔ان کی خاص ایک علیحدہ لسٹ بنائیں اور مجھے بھجوائیں باقی جو ہیں ہر ایک کو شامل کریں۔'' (میٹنگ مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ بھارت منعقدہ 7 جنوری 2005)

سیدنا حضور انور کے اس ارشاد کے مطابق ہر مجلس کا فرض ہے کہ وہ اپنی مجلس کے تمام اطفال کو اس بابرکت تحریک میں شامل کریں اور سیدنا حضور انور کی طرف سے دیئے گئے ٹارگیٹ کے مطابق نئے سال کے وعدہ جات کی فہرست مرتب کر کے ماہ جنوری کے آخر تک دفتر کو ارسال کریں تا کہ جملہ مجالس کی فہرستیں یکجائی صورت میں سیدنا حضور انور کی خدمت اقدس میں بغرض دعا پیش کی جاسکیں۔

رابطہ سیکریٹری وقف جدید: مکرم مونس احمد صاحب:6239630897

## (شعبہ تحریک جدید)

سیدنا حضور انور کے اس ارشاد کے مطابق ہر مجلس کا فرض ہے کہ وہ اپنی مجلس کے تمام اطفال کو اس بابرکت تحریک میں شامل کریں اور کوشش کی جائے کہ مجلس کے جملہ اراکین اس بابرکت تحریک میں شامل ہوں۔

رابطہ سیکریٹری تحریک جدید: سید گلستان عارف:9779958886

# (شعبہ وقار عمل)

1.مجلس کے جملہ اطفال کو اپنے ہاتھ سے کام کرنے کی تلقین کی جائے۔مثلاً گھر کے کام سودا لا کر دینا، بوٹ پالش کرنا، اپنے گھر، کمرے، محلے کی صفائی کرنا وغیرہ

2.مجلس میں ہر ماہ کم از کم ایک مرتبہ جملہ اطفال کا ایک اجتماعی وقار عمل ضرور ہو۔ بہتر ہوگا کہ جب خدام کا وقار عمل ہو تو ساتھ ہی اراکین اطفال کو بھی شامل کر لیا جائے۔

3. جملہ مجالس کے ناظمین اطفال سے درخواست ہے کہ آپ کی مجالس میں منعقد ہونے والے ایسے جملہ وقار عمل کے موقع پر ایک دو تصاویر لیکر سیکریٹری وقار عمل بھارت یا مہتمم اطفال بھارت کو ضرور بذریعہ Whatsapp بھجوائیں۔

رابطہ سیکریٹری وقار عمل مجلس اطفال الاحمدیہ بھارت:

مکرم تیمور احمد ملک 9872009386

## (شعبہ خدمت خلق)

1. شعبہ خدمت خلق کے تحت اپنی مجلس کے آس پاس واقع سرکاری یا غیر سرکاری ہسپتال میں اراکین اطفال کو لے جا کر یہاں کے مریضوں کی عیادت کی جائے۔

2. جماعت میں موجود بزرگان جو بیمار ہوں یا کسی تکلیف میں مبتلا ہوں ان کی عیادت کے لئے اطفال کو 2 / 2، 3 / 3 اطفال کے گروپس کی صورت میں لیکر جایا جائے۔

3. گرمی کے دنوں میں مسجد یا Public place پر پینے کے ٹھنڈے پانی کا انتظام کروایا جائے۔

4. ضرورتمندوں کی مدد اور ہمسایوں کی مدد کے بارہ میں اطفال کو بتایا جائے اور راہنمائی کی جائے۔

5. اپنے علاقہ کے غریب بچوں کی مدد کے سلسلہ میں سال میں کم ازکم ایک مرتبہ کوئی ایسا پروگرام منعقد کیا جائے جس میں اراکین اطفال خود شامل ہوں اور ضرورتمند، غریب بچوں کی مدد کریں۔

رابطہ سیکریٹری خدمت خلق مجلس اطفال الاحمدیہ بھارت:

مکرم اعجاز احمد: 9115577189

# (شعبہ صحت جسمانی)

1. سال میں کم از کم دو مرتبہ حفظان صحت کے بارہ میں سیمینار منعقد کریں جس میں اراکین اطفال کے ساتھ ان کے والدین کو بھی شامل کریں اور اس پروگرام میں کسی ڈاکٹر یا صحت کے شعبہ سے تعلق رکھنے والے کسی ماہر کے ذریعہ بچوں کو حفظان صحت کے اصول سمجھائے جائیں۔

2. مجلس کے جملہ اراکین اطفال کو پابند کیا جائے کہ وہ ہر روز کم از کم ایک گھنٹہ گھر سے باہر نکل کر گراؤنڈ یا کمپاؤنڈ میں کسی نہ کسی کھیل میں صرف کریں۔

3. مجلس کے جملہ واقفین کو موبائل فون پر غیر ضروری ویڈیوز دیکھنے اور جسمانی کھیل کی بجائے کمپیوٹر یا موبائل پر گیمز کے نقصانات کے بارہ میں وقتاً فوقتاً آگاہ کیا جائے اور سال بھر اسکا بغور جائزہ بھی لیا جائے اور جن بچوں میں اس حوالہ سے کمی نظر آئے انہیں باقاعدہ

پیار و محبت کے ساتھ توجہ دلائی جانی چاہیئے۔

4. حالات اور مقامی سہولیات کے مطابق گرمی کے ایام میں اراکین اطفال کو تیراکی سیکھانے کا بھی منظم انتظام کیا جانا چاہیئے۔

5. جسمانی صحت کے لئے اطفال کے ورزشی مقابلہ جات کا انعقاد کیا جائے جس میں مختلف مقابلہ جات کروائے جائیں۔

6. سال میں کم از کم ایک مرتبہ مجلس کے جملہ اطفال کا طبی معائنہ کروایا جائے اور مرکز کو رپورٹ بھجوای جائے۔

رابطہ سیکریٹری صحت جسمانی مجلس اطفال الاحمدیہ بھارت:

مکرم عدنان دہلوی صاحب: 9463070027

## (شعبہ صنعت وتجارت)

1. مجلس کے اطفال کو Encourage کیا جائے کہ وہ موسمی تعطیلات میں اپنی دلچسپی کے مطابق کوئی ہنر سیکھنے کی کوشش کریں۔

2. ہنر سکھانے کے سللہ میں اطفال کی راہنمائی کی جائے۔

3. موسمی تعطیلات میں اراکین اطفال کو کمپیوٹر کے Short Term Crash Courses بھی کروائے جاسکتے ہیں۔ اس سلسلہ میں مجالس اپنے حالات کے مطابق کاروائی کریں۔

رابطہ سیکریٹری صنعت وتجارت مجلس اطفال الاحمدیہ بھارت:

مکرم سید تصوّر احمد عامل صاحب:9780452405

## (شعبہ اشاعت)

1. مجلس کے اطفال کو Encourage کیا جائے کہ رسالہ مشکوٰۃ اور راہِ ایمان یا جماعت کے دیگر رسائل کے لئے اپنی دلچسپی سے چھوٹے چھوٹے مضامین یا آرٹیکل لکھیں۔

2. اپنی مجلس کے اچفال میں سے کم از کم 10 فیصد اطفال سے انکی دلچسپی کے Topic پر مضمون لکھوا کر ماہانہ رپورٹ کے ساتھ مرکز کو بھجوایا جائے۔

3. ہر ماہ کم از کم اایک مرتبہ اطفال کی تربیت کے حوالہ سے سیدنا حضور انور کے ارشاد ایک صفحہ پر شائع کر کے اراکین اطفال تک پہنچائے جائیں۔

رابطہ سیکریٹری اشاعت مجلس اطفال الاحمدیہ بھارت:

مکرم صباح الدین شمس صاحب:9592246916

## سالانہ کیلنڈر برائے مجالس اطفال الاحمدیہ بھارت

| | |
|---|---|
| دسمبر 2020ء | ❁ اجلاس مجلس عاملہ۔ ماہانہ رپورٹ بھجوانے کی کاروائی ❁ اطفال کی تربیت کے لئے اراکین انصار میں سے کسی کا بطور مربی اطفال تقرر کی کاروائی کی جائے۔ ❁ اراکین اطفال کے تربیتی اجلاس کا انعقاد۔ ❁ ہفتہ مال 1 تا 7 تاریخ منعقد کیا جائے۔ ❁ اتوار کے روز وقارعمل کا انعقاد کیا جائے ❁ بعد نماز مغرب تربیتی کلاسز کا انعقاد۔ ❁ خلاصہ خطبہ سیدنا حضور انور کی ڈائریوں کی چیکنگ۔ ❁ تمام اطفال حضور انور کی خدمت میں دعائیہ خطوط لکھیں۔ ❁ اراکین اطفال کی تجنید اور بجٹ تیار کر کے 31 دسمبر تک مرکز کو بھیجا جائے۔ ❁ طلباء کے لئے کوچنگ کلاسز شروع کروائی جائیں۔ ❁ جامعہ احمدیہ میں داخلوں کے حوالہ سے طلباء کے ساتھ میٹنگ۔ |
| جنوری 2021ء | ❁ اجلاس مجلس عاملہ۔ ماہانہ رپورٹ بھجوانے کی کاروائی۔ ❁ اراکین اطفال کے تربیتی اجلاس کا انعقاد۔ ❁ اتوار کے روز وقارعمل کا انعقاد کا جائے۔ ❁ بعد نماز مغرب تربیتی کلاسز کا انعقاد۔ ❁ وقف جدید میں شامل اطفال کی مکمل فہرست دفتر کو ارسال کریں۔ ❁ 17 جنوری کو دینی نصاب کا امتحان لیا جائے۔ ❁ خلاصہ خطبہ سیدنا حضور انور کی ڈائریوں کی چیکنگ۔ ❁ طلباء کے لئے کوچنگ کلاسز شروع کروائی جائیں۔ ❁ جامعہ احمدیہ میں داخلوں کے حوالہ سے طلباء کے ساتھ میٹنگ۔ |

| | |
|---|---|
| فروری 2021ء | ❁ اجلاس مجلس عاملہ۔ ماہانہ رپورٹ بھجوانے کی کاروائی۔ ❁ اراکین اطفال کے تربیتی اجلاس کا انعقاد۔ ❁ اتوار کے روز وقارعمل کا انعقاد کیا جائے ❁ بعد نماز مغرب تربیتی کلاسز کا انعقاد۔ ❁ صنعتی نمائش کا اہتمام کیا جائے۔ ❁ خلاصہ خطبہ سیدنا حضور انور کی ڈائریوں کی چیکنگ۔ ❁ جامعہ احمدیہ میں داخلوں کے حوالہ سے طلباء کے ساتھ میٹنگ۔ |
| مارچ 2020ء | ❁ اجلاس مجلس عاملہ۔ ماہانہ رپورٹ بھجوانے کی کاروائی۔ ❁ اراکین اطفال کے تربیتی اجلاس کا انعقاد۔ ❁ اتوار کے روز وقارعمل کا انعقاد کا جائے۔ ❁ بعد نماز مغرب تربیتی کلاسز کا انعقاد۔ ❁ خلاصہ خطبہ سیدنا حضور انور کی ڈائریوں کی چیکنگ۔ ❁ اطفال کے لئے مجلس میں کھیلوں کا انتظام کیا جائے ❁ اطفال کی کاؤنسلنگ کا انتظام مجلس خدام الاحمدیہ کے تعاون سے کیا جائے |
| اپریل 2021ء | ❁ اجلاس مجلس عاملہ۔ ماہانہ رپورٹ بھجوانے کی کاروائی۔ ❁ اراکین اطفال کے تربیتی اجلاس کا انعقاد۔ ❁ اتوار کے روز وقارعمل کا انعقاد کیا جائے۔ ❁ بعد نماز مغرب تربیتی کلاسز کا انعقاد۔ ❁ خلاصہ خطبہ سیدنا حضور انور کی ڈائریوں کی چیکنگ۔ ❁ اطفال کے لئے مجلس میں کھیلوں کا انتظام کیا جائے ❁ اطفال کی کاؤنسلنگ کا انتظام مجلس خدام الاحمدیہ کے تعاون سے کیا جائے ❁ زیارت قادیان کے لئے اطفال کو قادیان لایا جائے۔ ❁ ہفتہ اطفال کا انعقاد کیا جائے۔ ❁ اراکین اطفال کے لئے کلوجمیعا کا انعقاد کیا جائے۔ ❁ اراکین اطفال سے مقالہ نویسی کے مقابلہ میں حصہ دلوایا جائے۔ |

| | |
|---|---|
| مئی 2021ء | ❁اجلاس مجلس عاملہ۔❁ماہانہ رپورٹ بھجوانے کی کاروائی۔❁اراکین اطفال کے تربیتی اجلاس کا انعقاد۔❁عید کے موقع پر غرباء کی مدد کے پروگرام۔ ❁عید کے موقع پر اطفال کی حفاظتی ڈیوٹیاں۔❁اتوار کے روز وقارعمل کا انعقاد کیا جائے۔❁بعد نماز مغرب تربیتی کلاسز کا انعقاد۔❁خلاصہ خطبہ سیدنا حضور انور کی ڈائریوں کی چیکنگ۔❁اطفال کے لئے مجلس میں کھیلوں کا انتظام کیا جائے۔❁اراکین اطفال سے مقالہ نویسی کے مقابلہ میں حصہ دلوایا جائے۔❁اطفال کے لئے تفریحی پروگرام منعقد کیا جائے۔ |
| جون 2021ء | ❁اجلاس مجلس عاملہ۔ماہانہ رپورٹ بھجوانے کی کاروائی۔❁اراکین اطفال کے تربیتی اجلاس کا انعقاد۔❁اتوار کے روز وقارعمل کا انعقاد کیا جائے ❁اطفال کے جملہ مقالہ جات مرکز کو یکم جولائی تک بھجوائے جائیں۔ ❁بعد نماز مغرب تربیتی کلاسز کا انعقاد۔❁اطفال کے لئے مجلس میں کھیلوں کا انتظام کیا جائے۔❁اطفال کو جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے تعلق سے Counselling کی جائے |
| جولائی 2021ء | ❁اجلاس مجلس عاملہ۔ماہانہ رپورٹ بھجوانے کی کاروائی۔❁اراکین اطفال کے تربیتی اجلاس انعقاد۔❁اتوار کے روز وقارعمل کا انعقاد کیا جائے۔❁بعد نماز مغرب تربیتی کلاسز کا انعقاد۔❁خلاصہ خطبہ سیدنا حضور انور کی ڈائریوں کی چیکنگ۔❁ اطفال کے لئے مجلس میں کھیلوں کا انتظام کیا جائے ❁سالانہ رپورٹ مرکز کو بروقت بھجوانے کی کاروائی۔❁غرباء کی مدد کے پروگرام منعقد کئے جائیں۔❁سالانہ مرکزی اجتماع قادیان میں زیادہ سے زیادہ اطفال کو بھجوانے کی کاروائی۔❁سال کا دوسرا ہفتہ اطفال منعقد کیا جائے۔ |

| | |
|---|---|
| اگست 2021ء | ❁ اجلاس مجلس عاملہ۔ ماہانہ رپورٹ بھجوانے کی کاروائی۔❁ اراکین اطفال کے تربیتی اجلاس کا انعقاد۔ ❁ اتوار کے روز وقارعمل کا انعقاد کیا جائے۔ ❁ بعد نماز مغرب تربیتی کلاسز کا انعقاد۔❁ خلاصہ خطبہ سیدنا حضور انور کی ڈائریوں کی چیکنگ۔ ❁ سالانہ مرکزی اجتماع قادیان میں زیادہ سے زیادہ اطفال کو بھجوایا جائے۔❁ اطفال کے لئے مجلس میں کھیلوں کا انتظام کیا جائے۔❁ غرباء کی مدد کے پروگرام منعقد کئے جائیں۔ |
| ستمبر 2021ء | ❁ اجلاس مجلس عاملہ۔ ماہانہ رپورٹ بھجوانے کی کاروائی۔❁ اراکین اطفال کے تربیتی اجلاس کا انعقاد۔ ❁ اتوار کے روز وقارعمل کا انعقاد کیا جائے۔ ❁ بعد نماز مغرب تربیتی کلاسز کا انعقاد۔❁ خلاصہ خطبہ سیدنا حضور انور کی ڈائریوں کی چیکنگ۔ ❁ سالانہ مرکزی اجتماع قادیان میں زیادہ سے زیادہ اطفال کو بھجوایا جائے۔❁ اطفال کے لئے مجلس میں کھیلوں کا انتظام کیا جائے۔❁ غرباء کی مدد کے پروگرام منعقد کئے جائیں۔ |
| اکتوبر 2021ء | ❁ اجلاس مجلس عاملہ۔ ماہانہ رپورٹ بھجوانے کی کاروائی۔❁ اراکین اطفال کے تربیتی اجلاس کا انعقاد۔ ❁ اتوار کے روز وقارعمل کا انعقاد کیا جائے۔ ❁ بعد نماز مغرب تربیتی کلاسز کا انعقاد۔❁ خلاصہ خطبہ سیدنا حضور انور کی ڈائریوں کی چیکنگ۔ ❁ سالانہ مرکزی اجتماع قادیان میں زیادہ سے زیادہ اطفال کو بھجوایا جائے۔❁ اطفال کے لئے مجلس میں کھیلوں کا انتظام کیا جائے۔❁ غرباء کی مدد کے پروگرام منعقد کئے جائیں۔ |

# عمومی ہدایت برائے ناظمین اطفال

❁ ناظمین اطفال مذکورہ سالانہ پروگرام کے مطابق اپنی اپنی مجلس میں منظم طریق پر اراکین اطفال کے لئے سال بھر پروگرام کریں۔

❁ ہر ماہ کی کارگزاری رپورٹ اگلے ماہ کی 5 تاریخ تک ضرور دفتر خدام الاحمدیہ بھارت کو بھجوائیں۔

❁ ہر ماہ اپنی مجلس عاملہ کے ساتھ ضروری میٹنگ منعقد کریں اور باقاعدہ رجسٹر میٹنگ میں کاروائی درج کی جائے۔

❁ مجلس میں جو پروگرام منعقد ہوں ان کی تصاویر رپورٹ کے ساتھ بھجوائیں۔

❁ مجلس میں ہونے والے پروگراموں کی تصاویر بذریعہ Whatsapp خاکسار کو بھجوا سکتے ہیں۔7508879274

❁ مجلس میں ہونے والے کاموں کے سلسلہ میں ماہ میں کم از کم ایک مرتبہ خاکسار مہتمم اطفال سے ضرور بذریعہ فون رابطہ کریں۔

❁ اپنی مجلس میں اطفال کی تربیت کی غرض سے مربی اطفال کے تقرر کی کاروائی جلد سے جلد مکمل کریں۔ اسکے لئے کم از کم 3 نام مکرم قائد صاحب کے مشورہ سے جلد سے جلد بھجوائیں۔

❁ مجلس میں اراکین اطفال کی تعلیم و تربیت کے کاموں کے سلسلہ میں مرکز

کے درج ذیل عہدیداران سے ناظمین اطفال و منتظمین رابطہ کر سکتے ہیں۔

| نائب مہتممین مجلس اطفال الاحمدیہ بھارت | رابطہ |
|---|---|
| مکرم اعجاز احمد میر صاحب | 6005134152 |
| مکرم حافظ ابوشہان منڈل صاحب (تربیتی امور) | 6283073957 |
| مکرم مبشر احمد ملکانہ صاحب (دفتری امور) | 9877690857 |
| مکرم طلحہ احمد چیمہ صاحب (ساؤتھ انڈیا) | 9115786568 |
| مکرم جاوید احمد نجار صاحب (ایسٹ انڈیا) | 7009558455 |

اللہ تعالیٰ جملہ عہدیداران کو سیدنا حضور انور کی اعلیٰ توقعات کے مطابق مجلس میں اراکین اطفال کی تعلیم و تربیت کی توفیق و سعادت عطا فرمائے، آمین۔

والسلام

خاکسار

(سید دانش آفتاب)

مہتمم اطفال مجلس خدام الاحمدیہ بھارت

رابطہ نمبر 7508879274